# 29-03-2025  URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔مملکتی وزیر بنڈی سنجے نے کہا ہے کہ پارلیمنٹ میں جلد ہی وقف ترمیمی بل کو منظور کرلیا جائے گا جبکہ مرکزی وزیر کشن ریڈی نے الزام عائد کیا ہے کہ ڈی ایم کے اور کانگریس پارٹیاں سیاسی فائدے کیلئے کھیل کھیل رہی ہے۔

۲۔تلنگانہ اور ہماچل پردیش کے درمیان ہائیڈرو پاور کے سلسلہ میں ایک یادداشت مفاہمت پر دستخط کئے گئے۔

۳۔وزیر اعظم نریندر مودی کل من کی بات کے ذریعہ عوام سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔

اور

۴۔سطح غربت سے نیچے والے خاندانوں کو باریک چاول کی سربراہی کا پروگرام کل رسمی طور پر شروع کیا جائے گا۔

MANN KI BAAT:

وزیر اعظم نریندر مودی اس اتوار کو آکاش وانی کے پروگرام من کی بات کے ذریعہ ملک و بیرون ملک کے عوام سے خطاب کریں گے۔ ماہانہ ریڈیو پروگرام کا یہ 120 واں اپی سوڈ رہے گا۔ آکاش وانی، دوردرشن، اے آئی آر نیوز ویب سائٹ اور نیوز آن ایر موبائل ایپ پر پروگرام نشر ہوگا۔ اس کے علاوہ یہ پروگرام ایر نیوز، ڈی ڈی نیوز، پی ایم او اور اطلاعات ونشریات کی وزارت کے یوٹیوب چینل پر بھی راست پیش کیا جائے گا۔ ہندی نشریات کے بعد علاقائی زبانوں میں یہ پروگرام دونوں ریاستوں میں دوبارہ نشر ہوگا۔

TDP:

تلگودیشم پارٹی لیڈرس اور کیڈرس نے آج ریاست بھر میں پارٹی کا 43 واں یوم تاسیس منایا۔ پارٹی کے پولیٹ بیورو ممبر اروند کمار گوڑ نے حیدرآباد میں واقع پارٹی ہیڈکوارٹر پر پارٹی پرچم لہرایا اور پارٹی کے بانی و آنجہانی وزیر اعلیٰ این ٹی راما راؤ کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر انہوں نے پارٹی کی جانب سے شروع کردہ فلاحی پروگراموں کا تذکرہ کیا اور اس بات کو دہرایا کہ پارٹی عوام کی بھلائی اور سماجی انصاف کے لئے پرعزم ہے۔

WAQF SANJAY:

مملکتی وزیر داخلہ بنڈی سنجے کمار نے آج کہا ہے کہ پارلیمنٹ میں جلد ہی وقف بورڈ ترمیمی بل کو منظور کرلیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بی جے پی کی زیر قیادت حکومت ملک کے مفادات کے تحفظ کیلئے سخت فیصلے کرنے سے نہیں ہچکچائے گی۔ کریم نگر ڈسٹرکٹ کورٹس کمپلیکس میں وکلاء کے ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے بنڈی نے کہا کہ مجوزہ وقف بورڈ ترمیمی بل کو

مختلف گوشوں سے حمایت حاصل ہورہی ہے۔انہوں نے اس یقین کا اظہار کیا کہ مجلس اتحاد المسلمین کے قائد اسد الدین اویسی کی مخالفت کے باوجود اِس بل کو پاس کرلیا جائے گا۔

SOUND BYTE SANJAY

اسی دوران بی جے پی نے وقف ترمیمی بل کے معاملہ میں اسد الدین اویسی کے الزامات کی مذمت کی۔ پارٹی کے چیف ترجمان این وی سبھاش نے مجلس کے سربراہ کے الزامات کو تنقید کا نشانہ بنایا اور کہا کہ ان کے الزامات گمراہ کن اور اشتعال انگیز ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ اویسی نے یہ دعویٰ کیا ہے کہ مودی حکومت ایک مخصوص طبقہ کونشانہ بنارہی ہےاور سیاسی فائدہ حاصل کرنے کے لئے بھولے بھالےعوام کو گمراہ کررہی ہے۔

HOUSING:

ضلع راجنا سرسلہ کے کلکٹر سندیپ کمار جھا نے مختلف مواضعات کےعوام سے اپیل کی ہے کہ اندراماں مکانات کے لئے آئندہ ماہ کی 11 تاریخ سے پہلے درخواست داخل کردیں۔انہوں نے کہا کہ متاثرہ اوراہل افرادمی سیوااور ضلع کی ویب سائٹ کے ذریعہ درخواست دے سکتے ہیں۔

ELECTRICITY:

تلنگانہ اور ہماچل پردیش ریاستوں نے دو ہائیڈرو پاور پروجیکٹس کی تیاری کیلئے ایک یادداشتِ مفاہمت پر دستخط کئے ہیں۔ یہ دستخط شملا میں نائب وزیراعلیٰ ملوبھٹی وکرامارکہ اور ہماچل پردیش کے وزیراعلیٰ سکھویندرسکو کی موجودگی میں کئے گئے۔اس معاہدہ کے تحت دو پروجیکٹس سیلی (400 میگاواٹ) اور نیار (120 میگاواٹ) کو تلنگانہ میں برقی کی طلب میں اضافہ کے پیش نظر حوالہ کیا جائے گا۔ وکرامارکہ نے اس موقع پر کہا کہ تیزی سے بڑھتی طلب کے پیش نظر ریاستی حکومت توانائی کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لئے پرعزم ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ اِس معاہدہ سے توانائی سے متعلق حکومت کےعزائم کا اظہار ہوتا ہے جبکہ ماحولیاتی حفاظت بھی یقینی ہوتی ہے۔انہوں نے اس معاہدہ کو ریاست کے مستقبل کیلئے صاف،سبزاور قابل اعتماد برقی کے حصول کے لئے اہم اقدام قرار دیا۔

SOUND BYTE - DY CM

دونوں مذکورہ پروجیکٹس نامزدگی کی اساس پر تلنگانہ جینکو کے حوالہ کئے گئے ہیں۔

RICE:

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی کل حلقہ اسمبلی حضورنگر میں سطح غربت سے نیچے والے خاندانوں (بی پی ایل) کیلئے باریک چاول کی

تقسیم کے پروگرام کا رسمی طور پر آغاز کریں گے۔ یہ پروگرام ایسے وقت ہو رہا ہے جب اتفاقاً تلگو سال نوا گادی کا بھی آغاز ہے۔اس اسکیم سے 3.5 کروڑ سے زائد افراد کو فائدہ پہنچے گا۔ باریک چاول ریاست بھر میں یکم اپریل سے سفید راشن کارڈ والوں کو دئے جائیں گے۔اس سے ریاست کے خزانہ پر 2 ہزار 858 کروڑ روپے کا زائد مالی بوجھ عائد ہوگا جبکہ اناج کی سربراہی کے جملہ اخراجات 10 ہزار 655 کروڑ روپے سے بڑھ جائیں گے۔

WATER:

ریاست کے وزیر زراعت ناگیشور راؤ نے آج کہا ہے کہ حکومت نے ماہ گرما کے دوران پانی کی قلت کے مسئلہ سے نمٹنے کے لئے کئی اقدامات کئے ہیں۔اس کے علاوہ انہوں نے کہا کہ پانی کی سربراہی سے متعلق اسکیمات کے تحت شہر کھمم کے لئے 220 کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں۔ناگیشور راؤ نے کھمم کارپوریشن کے تحت رگھوناتھ پالم میں 6 کروڑ روپے لاگتی سڑک اور ڈرین کے تعمیری پراجکٹ کا سنگ بنیاد رکھا۔

SLBC:

ضلع ناگر کرنول کے علاقہ دومل پینٹ میں واقع ایس ایل بی سی سرنگ سے بچاؤ ٹیم نے لوکوانجن کو باہر نکالا ہے۔اسپیشل آفیسر شیوشنکر نے آج یہ بات بتائی۔انہوں نے بچاؤ ٹیموں سے کہا کہ اسی مشقت کے ساتھ مشن کو جاری رکھا جائے۔انہوں نے مزید بتایا کہ سرنگ میں کیچڑ اور پانی کو ہٹانے کے کام ہنوز جاری ہیں۔

BRS:

بی آر ایس نے آج حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ پارٹی کے سوشیل میڈیا کارکنوں کے خلاف دائر کردہ مقدمات سے دستبرداری اختیار کر لی جائے۔حیدرآباد میں میڈیا سے بات کرتے ہوئے سینئر لیڈر ڈاکٹر پروین کمار نے الزام عائد کیا کہ سائبر سیکورٹی بیورو، مختلف آئی ٹی ایکٹس کے تحت بی آر ایس لیڈرس کے خلاف مقدمات عائد کرتے ہوئے غیر ذمہ داری کا مظاہرہ کر رہا ہے۔

ENCOUNTER:

چھتیس گڑھ کے سوکما ضلع میں ہوئے انکاؤنٹر میں ہلاک ہونے والے ماؤنوازوں کی تعداد آج بڑھ کر 17 ہوگئی ہے۔اس انکاؤنٹر میں ڈسٹرکٹ ریزرو گارڈ کے دو جوان زخمی ہوئے ہیں۔ سیکورٹی فورسس نے انکاؤنٹر کے مقام سے بڑی تعداد میں اسلحہ اور اے کے 47 کے علاوہ راکٹ لانچر، خودکار رائفل اور دیگر دھماکہ خیز اشیاء ضبط کی۔ واضح رہے کہ چھتیس گڑھ میں گزشتہ 10 دن کے دوران 50 ماؤنواز ہلاک ہو چکے ہیں۔

KISHAN REDDY:

کوئلہ کے مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا ہے کہ ٹاملناڈو کے عوام ہندی زبان کے خلاف نہیں ہیں بلکہ ڈی ایم کے اور کانگریس کے لیڈرس سیاسی فائدہ کے لئے کھیل کھیل رہے ہیں۔ دہلی کے بھارت منڈپم میں ایک پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ٹاملناڈو کے وزیراعلیٰ اسٹالن نے رشوت اور شراب اسکام سے عوام کی توجہ ہٹانے کے لئے اس موضوع کو اٹھایا ہے۔اس بات کا اظہار کرتے ہوئے کہ نئی تعلیمی پالیسی میں علاقائی زبانوں کو ترجیح دی گئی ہے، کشن ریڈی نے یہ بات یاد کی کہ ٹاملناڈو سے تعلق رکھنے والے کستوری رنگاراجن نے نئی تعلیمی پالیسی لائی ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ بی جے پی نے عوام سے کئے گئے تمام وعدوں کو پورا کیا ہے جبکہ دیگر جماعتیں عوام سے کئے گئے وعدوں کو پورا کرنے کے لئے مرکزی فنڈس کی منتظر ہیں۔

SOUND BYTE KISHAN REDDY

UGADI:

حیدرآباد میں واقع رویندرا بھارتی میں کل اگادی تقریب سرکاری طور پر منعقد کی جائے گی۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی اس تقریب میں شرکت کریں گے۔ گورنر جشنو دیو ورما، ریونت ریڈی اور مختلف سیاسی پارٹیوں کے صدور نے تلنگانہ کے عوام کو تلگو سال نو کی مبارکباد دی۔

REVENUE:

ریونیو کے وزیر سرینواس ریڈی نے آج عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ حالیہ بارش میں متاثرہ افراد کے خاندانوں کو 6 لاکھ روپے معاوضہ دیا جائے جبکہ آگ کے حادثہ سے متاثرہ افراد کے رشتہ داروں کو فی کس 4 لاکھ روپے دئے جائیں۔مختلف اضلاع میں غیرموسمی بارش کے سبب ہلاک ہونے والے چالیس افراد کے خاندانوں کیلئے حکومت نے معاوضہ کی رقم جاری کی ہے۔اس کے علاوہ حیدرآباد میں پیش آئے آگ لگنے کے دو علیحدہ واقعات میں ہلاک ہونے والے خاندانوں کے لئے 72 لاکھ روپے جاری کئے گئے۔

CM - ROADS:

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے عہدیداروں کو ہدایت دی ہے کہ حیدرآباد کی عوام کی ضرورت کے مطابق لنک روڈس کی تعمیر کی جائے۔انہوں نے حیدرآباد میں روڈ ڈیولپمنٹ کارپوریشن اور ایچ ایم ڈی اے حدود میں سڑکوں کی تعمیر اور توسیع کے تعلق سے ایک جائزہ اجلاس میں شرکت کی۔سی ایم نے تعمیر کے علاوہ 49 سڑکوں کی توسیع کی تجویز بھی پیش کی۔

LEAD WATER:

ریاست کے وزیر زراعت ناگیشور راؤ نے آج کہا ہے کہ ریّتو بھروسہ امداد کے تحت اگلے دو دن میں 90 فیصد کسانوں کے بینک اکاؤنٹ میں رقم جمع کرادی جائے گی۔ کھمم میں میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ کھمم میں کل پام آئیل فیکٹری کا سنگ بنیاد رکھا جائے گا جبکہ اگر بھدراچلم میں ایرپورٹ تعمیر کیا جاتا ہے تب یہ علاقہ سدرن ایودھیا بن سکتا ہے۔

SOUND BYYTE - THUMMALA

○○